14.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... نیتیکا تیاگی

Music

☆ کابینہ نے سماجی مدد سے متعلق قومی پروگرام کو مزید پانچ برس جاری رکھنے کو منظوری دی ہے۔ اس نے معذوری پنشن کے مستفیدین کیلئے اہلیت کی شرائط اور امداد کی شرحوں میں بھی نظرثانی کی ہے۔

☆ حکومت نے IDBI بینک کی اہم تنظیمِ نو اور ریلوے ملازمین کیلئے 78 دن کے بونس کو منظوری دی ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کناڈا کے ساتھ کلیدی شراکت داری کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ دونوں ممالک نے تجارت، توانائی اور سکیورٹی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، باہمی تعلقات کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔

☆ بھارت نے سعودی عرب میں سول بنیادی ڈھانچے پر حملوں کو ناقابلِ قبول قرار دیا ہے۔ اس نے انہیں فوراً روکے جانے پر زور دیا۔

☆ مہاراشٹر نے 305 تعلقاؤں کو قحط سے متاثرہ قرار دیا ہے۔ اس نے دیوالی سے پہلے ہر کسان کیلئے پانچ ہزار روپے کی ابتدائی مدد کا اعلان کیا ہے۔

☆ بھارت کے آنند کمار Vel کمار نے پیراگوئے میں ورلڈ Skating گیمز میں مردوں کی ایک ہزار میٹر Sprint میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، حیدرآباد میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان چوتھا ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ جاری ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

Cabinet Railway Bonus

مرکزی کابینہ نے سماجی مدد سے متعلق قومی پروگرام کو 2026-27 سے 2030-31 تک مزید پانچ برس تک جاری رکھنے کو منظوری دی ہے۔ اس پر 53 ہزار 428 کروڑ روپے کے اخراجات آئیں گے۔ اس نے معذوری پنشن مستفیدین کیلئے اہلیت کی شرائط اور امداد کی شرحوں میں نظرثانی کی ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج نئی دلّی میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ کی میٹنگ کے بعد میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے

یہ اعلانات کئے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اس منظوری سے سماجی تحفظ کا طریقۂ کار مستحکم ہوگا اور سبھی 36 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے تقریباً تین کروڑ 20 لاکھ مستفیدین کو اِس سے فائدہ ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ معذوری پنشن اسکیم کے تحت مدد اب مستفیدین کیلئے 79 سال کی عمر تک 375 روپے اور 80 سال یا اس سے زیادہ کی عمر کیلئے 625 روپے ہوگی۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ بزرگ شہریوں اور بیواؤں کیلئے پنشن اسکیمیں، اُن کے کنبے کو فائدے کی اسکیم کے ساتھ اسی طرح جاری رہیں گی۔

SB - 2045 - Ashwini Divyang

کابینہ نے IDBI بینک کی اہم تنظیم نو کو بھی منظوری دی ہے۔ میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، مرکزی وزیر نے کہا کہ بھارت سرکار اور لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا کی تنظیمِ نو شدہ ادارے میں مشترکہ طور پر 34 فیصد حصہ داری ہی رہے گی۔

مرکزی کابینہ نے، 11 لاکھ 40 ہزار سے زیادہ اہل ریلوے ملازمین کیلئے، اُن کی کارکردگی کو تسلیم کرتے ہوئے، 78 دن کے کارکردگی سے منسلک بونس کو بھی منظوری دی ہے۔

جناب ویشنو نے کہا کہ یہ بونس تہواروں سے پہلے اہل ریلوے ملازمین کو سالانہ طور پر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال بھی 78 دن کی اجرت کے برابر یہ رقم غیر گزٹ ریلوے ملازمین کو دی جائے گی۔

SB - 2045 - Ashwini Cabinet Bonus

78 دن کیلئے ہر اہل ملازم کو دیا جانے والا زیادہ سے زیادہ بونس 17 ہزار 951 روپے ہے۔x

Sitharaman IDBI

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی کی جانب سے IDBI بینک کی اسٹریٹجک تنظیمِ نو کی منظوری کے ساتھ ہی آج بھارت کی اصلاحاتی پیش رفت نے نیا سنگ میل عبور کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِ خزانہ نے کہا کہ حکومت اب، براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے ذریعے بینک کی ترقی کے اگلے مرحلے کی راہ ہموار کر رہی ہے، جبکہ بینک میں اپنی اقلیتی حصے داری برقرار رکھے گی۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ اِس اقدام سے نہ صرف بینکاری کے نظام کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی بلکہ بینکاری خدمات کو عالمی معیار سے بھی آگے لے جانے میں مدد حاصل ہوگی۔ x

Jaishankar Canada FM

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور کناڈا کی اُن کی ہم منصب اَنیتا آنند نے آج بھارت- کناڈا تعلقات کی پیشرفت کا جائزہ لیا، جس میں تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم، توانائی، دفاع اور عوام سے عوام کے رابطوں کا احاطہ کیا گیا۔ نئی دلّی میں دونوں وزراء نے ایک میٹنگ کی، جس میں انہوں نے اہم علاقائی اور عالمی واقعات پر بھی نظریات کا تبادلہ کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ قیادت کی سطح پر رابطوں اور اپنی حکومتوں اور صنعتوں کے درمیان مسلسل اشتراک کے ذریعے بھارت اور کناڈا اپنی کلیدی شراکت داری کو وسعت دے رہے ہیں۔ اِس دوران کناڈا کی وزیرِ خارجہ اَنیتا آنند نے یہ کہتے ہوئے، بھارت- کناڈا تعلقات میں پیشرفت پر پُرامیدی کا اظہار کیا ہے کہ تجارت کے سلسلے میں بات چیت اور توانائی، اختراع اور سکیورٹی میں اشتراک میں پیشرفت کا سلسلہ جاری ہے۔x

PM Shekhawat Conference

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی موسیقی، رقص، سینما اور کھان پان دنیا بھر میں معاشروں کے ساتھ ملک کے مسلسل رابطے کا اہم وسیلہ ہیں اور زور دے کر کہا ہے کہ ملک کے ثقافتی ورثے کو عالمی سطح پر زیادہ سے زیادہ تسلیم کیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعظم نے آج نئی دلّی میں دنیا بھر میں بھارت کے ثقافتی رابطوں سے متعلق تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس میں ایک تحریری پیغام میں یہ بات کہی۔ کانفرنس میں وزیرِ اعظم کے پیغام کو ثقافت کے سکریٹری وویک اگروال نے پڑھ کر سنایا۔ وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ بھارت کا تہذیبی سفر صدیوں کی ثقافتی تبدیلی اور ہر کسی سے علم بانٹنے پر مبنی ہے۔x

PM Ladakh Projects

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے لداخ میں تقریباً تین ہزار 350 کروڑ روپے مالیت کے پانچ اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ اِن پروجیکٹوں کا مقصد خطے میں کنکٹیویٹی کو مستحکم کرنا، توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا، ثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنا اور پانی کی یقینی فراہمی میں اضافہ کرنا ہے۔ اِس موقع پر وہ اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ وزیرِ اعظم لیہہ میں Kushok Bakula Rimpochee ہوائی اڈے پر 640 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر کردہ نئی مسافر ٹرمینل بلڈنگ کا افتتاح کریں گے۔x

PM 25 Years Seva Sankalp

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کر لیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی اعتبار سے بااختیار بنائے جانے سے اس پختہ عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگی بدل رہی ہے۔اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کر رہے ہیں کہ پردھان منتری سنگرہالیہ جیسی پہلوں کے ذریعے اِس نظریے کو کس طرح حقیقی شکل دی جا رہی ہے۔

VC Dipendra/ Anand

وزیر اعظم نریندر مودی نے 2022 میں پردھان منتری سنگرہالے کا افتتاح کیا تھا۔ یہ میوزیم، ملک کی ترقی میں سبھی وزرائے اعظم کے تعاون کو اجاگر کرتا ہے۔ مذکورہ میوزیم یہ دکھاتا ہے کہ کیسے بھارتی جمہوریہ نے معاشرے کے ہر طبقے سے آنے والے رہنماؤں کو ملک سازی میں تعاون کرنے کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ دو عمارتوں میں پھیلا یہ جدید ڈیجیٹل میوزیم، یہاں آنے والے لوگوں کو بھارت کی سیاسی تاریخ، جمہوری روایات اور ترقی کے سفر سے روشناس کراتا ہے۔ پردھان منتری سنگرہالے کا افتتاح کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے اِسے تمام حکومتوں کے مشترکہ تعاون اور مشترکہ ورثے کی جیتی جاگتی علامت سے تعبیر کیا تھا۔

S/B: PM Modi

آکاشوانی نیوز دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان۔

MEA Briefing

بھارت نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے اور مغربی ایشیائی ملک میں حالیہ حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ آج دوپہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے، وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کل Aramco ہیڈکوارٹر پر ہوئے حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت شہری بنیادی ڈھانچے پر سبھی حملوں کی مذمت کرتا ہے اور انہوں نے اِس طرح کی کارروائیوں کو ناقابلِ قبول قرار دیتے ہوئے، اِنہیں فوری طور پر روکنے پر زور دیا۔ جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت، ملک کے اقتدارِ اعلیٰ کے دفاع کے سلسلے میں سعودی عرب کے عوام اور حکومت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت امید کرتا ہے کہ خطے میں جلد امن اور معمول کے حالات بحال ہوں گے۔

انسانی حقوق سے متعلق اقوامِ متحدہ کے ہائی کمشنر کے دفتر کی جانب سے قومی راجدھانی میں صورتحال پر حالیہ رائے زنی پر ردّعمل ظاہر کرتے ہوئے، جناب جیسوال نے اِس تشویش کو غیرضروری اور ناقابلِ قبول قرار دیا۔x

Maha Drought

مہاراشٹر میں ریاست کی کُل 358 تعلقے میں سے 305 تالُکاؤں کو سوکھے سے متاثر قرار دے دیا گیا ہے۔ سوکھے سے متاثر علاقوں کی فہرست میں مزید 40 تعلقے کے اضافے کے بعد سوکھے سے متاثر تعلقے کی تعداد مجموعی طور پر 85 فیصد ہوگئی ہے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے اعلان کیا ہے کہ متاثرہ علاقوں میں کسانوں کو دیوالی سے پہلے ابتدائی امداد کے طور پر 5 ہزار روپے براہ راست اُن کے بینک کھاتوں میں بھیجے جائیں گے۔ x

India TB Cases

سال 2015 سے 2024 کے درمیان بھارت میں تپِ دق، TB کے نئے کیسز میں عالمی سطح پر 12 فیصد کی کمی کے مقابلے، 21 فیصد کی کمی درج کی گئی ہے۔

عالمی ادارۂ صحت کی عالمی TB رپورٹ کے مطابق بھارت میں TB کے علاج سے متعلق کوریج 92 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جبکہ عالمی سطح پر یہ کوریج 78 فیصد ہے۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ ....

VC Akshit

بھارت میں TB کے کیسز میں کمی سے ملک بھر میں TB کی روک تھام اور کنٹرول سے متعلق پہلوں کو مستحکم کرنے کیلئے عوامی صحت سے متعلق مسلسل اقدامات، مضبوط عوامی شرکت اور عہد بستگی کی عکاسی ہوتی ہے۔ TB مُکت بھارت ابھیان کے تحت 28 کروڑ سے زیادہ افراد کی اسکریننگ کی جاچکی ہے، 20 لاکھ سے زیادہ افراد TB کی روک تھام سے متعلق علاج حاصل کرچکے ہیں اور 5 لاکھ 70 ہزار نئے Ni-Kshay Mitras اس پہل سے جڑے ہیں۔ TB کو جڑ سے ختم کرنے سے متعلق قومی پروگرام کے تحت، صحت کے تمام عوامی مراکز اور نجی مراکز پر TB کی مفت اسکریننگ اور علاج سے متعلق خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

نئی دلّی سے اکشت کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں تنویر الفرید۔

Rajnath ASEAN India Defence

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے زور دیا ہے کہ بھارت اور آسیان کے درمیان ایک پُرامن، مستحکم اور آزاد بھارت-بحر الکاہل خطے سے متعلق واضح مفادات مشترک ہیں۔ جناب سنگھ آج نئی دلّی میں آسیان-انڈیا دفاعی تھنک ٹینک فورم سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ آسیان، بھارت کے بھارت-بحرالکاہل ویژن میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور بھارت کی مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی پالیسی جنوب مشرقی ایشیا کے ساتھ مل کر کام کرنے سے متعلق ایک طویل مدتی عہد ہے۔

فورم کیلئے عملی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے جناب سنگھ نے بحری سلامتی، قدرتی آفات سے نمٹنے، سائبر خطرات اور فروغ پاتی ٹیکنالوجیز پر مرکوز ایک مشترکہ بھارت-آسیان ریسرچ ایجنڈا وضع کرنے کی تجویز پیش کی۔ x

PM Asian Games

وزیرِ اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں ایشین گیمز 2026 میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں سے بات چیت کریں گے۔ وزیرِ اعظم اس موقع پر اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔

جاپان کے Aichi Nagoya میں منعقد ہونے والے ایشین گیمز میں بھارت، سونے کے 21، چاندی کے 27 اور کانسے کے 37 تمغوں سمیت کل 85 تمغے جیت کر تمغوں کی فہرست میں چوتھے مقام پر رہا۔

یہ مسلسل دوسری مرتبہ ہے، جب بھارت، ایشین گیمز میں چوٹی کے 5 ملکوں میں شامل ہے۔x

Skating

بھارت کے آنند کمار Velkumar نے Paraguay کے Asunción شہر میں جاری عالمی اسکیٹنگ مقابلوں کے مردوں کے ہزار میٹر Sprint زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔تمل ناڈو کے Skater بہت کم فرق سے سونے کا تمغہ جیتنے سے چوک گئے اور دوسرے مقام پر رہے۔ ایک ہزار میٹر Sprint مقابلے میں انہوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے مقررہ دوری ایک منٹ اور 21 اعشاریہ نو-دو-دو سیکنڈ میں طے کی۔ سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے کھلاڑی اور آنند کمار کے درمیان وقت کا فرق صرف 4 ملی سیکنڈ رہا۔ 23 سالہ تیز رفتار Skater نے جاری مقابلوں میں اب تک دو تمغے جیت لئے ہیں۔ x

Cricket 4th T20

مردوں کے کرکٹ میں حیدرآباد میں کھیلے جا رہے چوتھے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کی جیت کیلئے 248 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

ٹاس ہار کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز نے مقررہ 20 اوورز میں 3 وکٹ پر 247 رن بنائے۔
ویسٹ انڈیز کے کپتان Shai Hope نے 102 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارت نے 4 اوورز میں 1 وکٹ پر 60 رن بنا لئے تھے۔ x

☆☆☆☆☆